محمد سلطان نام رکھنا کیسا ہے؟

مجیب: مولانا محمد ابوبکر عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-1883

تاریخ اجراء: 22محرم الحرام1445ھ/10اگست2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

سلطان نام کا معنی بتادیں اور محمد سلطان نام رکھنا کیسا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

محمد سلطان نام رکھنا درست ہے۔

عربی سے اردو لغت کی مشہور کتاب "المنجد" میں سلطان کے معنی بیان کیے گئے ہیں: "السلطان، حجت، قبضہ، قدرت، بادشاہ" (المنجد، ص387مادہ، س،ل،ط، مطبوع: خزینہ علم وادب)

فیروز اللغات میں ہے: "سلطان: بادشاہ، فرماں روا" (فیروز اللغات، ص851، مطبوعہ: لاہور)

البتہ! بہتر یہ ہے کہ بچے کا نام صرف محمد رکھیں تاکہ محمد نام رکھنے کے فضائل حاصل ہوں، اور ظاہراً یہ فضائل تنہا نام محمد رکھنے کے ہی ہیں، اور پکارنے کے لیے سلطان رکھ لیں۔

"محمد" نام رکھنے کے حوالے سے دوروایات ذکر کی جاتی ہیں:

(1) رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: " من ولد له مولود فسماه محمدا حبالي وتبركاً باسمي كان هو ومولوده في الجنة "یعنی جس کے ہاں لڑکا پیدا ہو اور وہ میری محبت اور میرے نام پاک سے برکت لینے کے لئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور اس کا لڑکا دونوں جنت میں جائیں۔ (کنز العمال، ج16، ص422، حدیث 45223، موسسۃ الرسالۃ)

(2) رسول اللہ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں: "روز قیامت دو شخص اللہ تعالی کے حضور کھڑے کئے جائیں گے، حکم ہو گا: انہیں جنت میں لے جاؤ، عرض کریں گے: الٰہی! ہم کس عمل پر جنت کے قابل ہوئے، ہم نے تو کوئی کام جنت کا نہ کیا۔؟ رب عزوجل فرمائے گا: " ادخلا الجنة فاني اٰليت على نفسي ان لا يدخل النار من

اسمہ احمد و محمد "یعنی جنت میں جاؤ میں نے حلف فرمایا ہے کہ جس کا نام احمد یا محمد ہو دوزخ میں نہ جائے گا۔

(الفردوس بمأثور الخطاب، ج5، ص485، حدیث 8837، دار الکتب العلمیة، بیروت)

وَاللّٰہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net